© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## پاکستان میں مسیحیت (حصہ اوّل - تاریخ مسیحیت، حصہ دوم - جائزہ)

مؤلف : ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی

ناشر : مسلم اکادمی - ۱۸/۲۹ محمد نگر، لاہور - ۵۴۰۰۰

صفحات : جلد اوّل - ۲۹۲، جلد دوم - ۳۰۴

قیمت : ۲۴۰ روپے (۱۲۰ روپے فی جلد)

مسلم اکادمی لاہور کے منتظم جناب حافظ نذر احمد کو "پاکستان میں مسیحیت" کے موضوع سے دیرینہ دلچسپی ہے۔ انہوں نے تیس سال پہلے "مسیحیت - مغربی پاکستان میں" کے زیر عنوان ایک جائزہ مرتّب کیا تھا جو اپنی نوعیت کا اوّلین مطالعہ تھا۔ اس کے بعد نہ صرف وہ وقتاً فوقتاً اس موضوع پر لکھتے رہے بلکہ دلچسپی رکھنے والوں کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی بھی کرتے رہے۔ زیرِ نظر کتاب کے مؤلف جناب ڈاکٹر نادر رضا صدیقی نے جب کراچی یونیورسٹی سے پاکستان میں مسیحیت کے موضوع پر ڈاکٹریٹ کے لیے کام شروع کیا تو ان کا حافظ صاحب سے رابطہ ہوا۔ الحمدللہ حافظ صاحب کے علمی تعاون اور کراچی یونیورسٹی کے اساتذہ کی نگرانی میں مقالہ مکمل ہوا اور حافظ صاحب کے ذریعے پہلی بار ۱۹۷۹ء میں شائع ہوا۔

"پاکستان میں مسیحیت" اپنے موضوع پر ایک جامع اور مفید کوشش ہونے کے باعث علمی حلقوں میں ہاتھوں ہاتھ لی گئی۔ اخبارات و جرائد نے اس پر حوصلہ افزا تبصرے لکھے اور مولانا ابوالحسن علی ندوی نے اپنی تقریظ میں اسے "ایک مفید علمی دستاویز" قرار دیا۔ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصے میں مؤلف نے مسیحی اور غیر مسیحی منابع و مصادر سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شخصیت، ان کے حواریوں، کتاب مقدّس، اس میں تحریف و تنسیخ، بائبل کی روشنی میں مسیحی عقائد و اعمال، کلیسیا کے ارتقاء اور کلیسیا کے باہمی اختلافات و انتشار پر روشنی ڈالی ہے۔ دوسرے حصے میں مؤلف نے پاکستان میں مسیحیت کے حوالے سے مسیحی مشنری اداروں، ان کے اندازِ کار اور نفوذِ مسیحیت کے اسباب پر تفصیل سے گفتگو کی ہے۔

"پاکستان میں مسیحیت" کے زیرِ نظر تیسرے ایڈیشن میں مؤلف نے چالیس صفحات کا اضافہ کیا ہے۔ اس طرح انہوں نے ۱۹۹۲ء تک پاکستان میں مسیحی مشنری سرگرمیوں پر معلومات یکجا کر دی ہیں۔ کتاب مناسب کتابت میں سفید کاغذ پر چھپی ہے۔ دونوں حصے الگ الگ گتّے کی مضبوط اور خوبصورت جِلد سے مزیّن ہیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com